سوال

میرا ایک بیٹا زیادہ کماتا ہے اور ایک کی آمدنی اتنی زیادہ نہیں ہے۔ جو زیادہ کماتا ہے وہ مجھے تحائف دیتا رہتا ہے۔ کیا میرے مرنے کے بعد وہ سب تحفے اس کی بیگم اور اور اسی کی اولاد کے ہوں گے یا میری سب اولاد کا حق ہوگا؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو چیز آپ کا بیٹا آپ کو بطور تحفہ دیتا ہے، وہ آپ کی ملکیت میں آجاتی ہے، اس لیے وہ آپ کا ترکہ شمار ہوگا۔ تمام تحائف آپ کی وفات کے بعد تمام وارثوں میں طے شدہ حصوں کے مطابق تقسیم ہوں گے۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ اسحاق زاہد